انفارمیشن خط *Småsteg*- مرحلہ وار ابتدائی تعلیم کے بارے میں

محترم والدین!

ابتدائی اسکول کے سال بہت اہم ہوتے ہیں. ہم آپ کے بچے کو اسکول کے آغاز میں ممکنہ حد تک تیاری کرنے میں مدد کرنا چاہتے ہیں. یہ صرف اور صرف حروف اور نمبر جاننے کے حد تک نہیں ہے. **بلکہ** اس کے **متعلق** **بھی** ہے کہ ہم جانتے ہیں کہ ہم کس طرح سیکھتے ہیں اور دوسروں کے ساتھ کیسے ملنا ہے. ہم ان اہم مہارتوں کو سیکھنے کے لئے نرسری میں *Småsteg*- مرحلہ وار ابتدائی تعلیم استعمال کرنا چاہتے ہیں.

Småsteg کے ساتھ کام میں، بچے مندرجہ ذیل چار حصوں میں مہارت سیکھتے ہیں:

1. سیکھنے کی مہارت: بچوں کو مہارت حاصل ہوتی ہے جو انہیں بہتر بننے میں مدد کرتی ہیں. وہ بہتر توجہ مرکوز رکھتے ہیں، غور سے سنتے ہیں, اور جب ان کو ضرورت ہوتی ہے تو مدد کے لئے سوال کرنا سیکھتے ہیں.

2. ہمدردی: بچوں کو ان کے اپنے اور دوسروں کے احساسات کو پہچاننے اور سمجھنے کی صلاحیت حاصل ہوتی ہے اور دوسروں کی دیکھ بھال کرنا سیکھتے ہیں.

3. جذبات پر گرفت: بچے سیکھتے ہیں کہ کس طرح اپنے جذبات , جیسے غصہ آنے پر اور پریشان حالت میں پرسکون رہنا ہے.

4. دوستی اور مسائل کو حل کرنا: بچے مثبت طریقے سے دوسروں کے ساتھ دوستی, اور مسائل کو حل کرنا سیکھتے ہیں.

آپ کا بچہ اس سال بہت کچھ سیکھ جائے گا اور اسے آپ کی مدد کی ضرورت ہوگی. سال کے دوران آپ کے بچے کو خط ملے گا جس کو *Foreldrelenke* کہا جاتا ہے اور یہ *Småsteg* کے سب موضوعات سے متعلق ہوگا.
Foreldrelenke میں سادہ سرگرمیاں لکھی ہیں جو آپ اور آپ کا بچہ ایک ساتھ مل کر, کر سکتے ہیں.
یہ آپ کو اچھا موقع فراہم کرے گا کہ آپ جانیں گے آپ کا بچہ نرسری میں کیا سیکھتا ہے, اور اس کو مشق کرنے کا موقع ملے گا-اس طرح آپ کا بچہ آپ کو دکھا سکتا ہے کہ اس نے کیا سیکھا ہے.

اگر آپ کو *Småsteg* کے بارے میں سوالات ہیں تو، براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں.

ہم آپ کے شکر گزار ہیں کہ آپ اپنے بچے کی مہارت میں اضافہ کرنے کے لئے حمایت کریں گے, اس طرح وہ اسکول میں اور زندگی میں کامیاب ہو سکتا ہے.

آپ کا/ کی شکر گزار